# محمد ذوالکفل نام رکھنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا محمد ذُوالکِفل نام رکھ سکتے ہیں؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں! یہ نام رکھ سکتے ہیں۔ ذوالکفل اللہ پاک کے نبی علیہ الصلوۃ والسلام کا نام ہے، ایک قول کے مطابق ان کا اصل نام حزقیل ہے، یہ حضرت موسی علیہ الصلوۃ والسلام کے تیسرے خلیفہ بھی تھے، ان کا نام ذوالکفل اس لئے ہوا کہ انہوں نے اپنی ذمہ داری کو پورا کیا تھا۔

قرآن پاک میں اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے:

﴿وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَ الْيَسَعَ وَ ذَا الْكِفْلِ﴾

ترجمہ کنزالایمان: اور یاد کرو اسماعیل اور یسع اور ذوالکفل کو۔ (القرآن، پارہ 23، سورۃ ص، آیت: 48)

تفسیر صراط الجنان میں ہے "حضرت ذوالکفل علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کی نبوت میں اختلاف ہے اور صحیح یہ ہے کہ وہ نبی ہیں۔" (صراط الجنان، جلد 8، صفحہ 409، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

تفسیر جلالین میں ہے

"وسمي ذاالكفل لأنه تكفل بصيام جميع نهاره وقيام جميع ليله وأن يقضي بين الناس ولا يغضب فوفى بذلك"

ترجمہ: ان کا نام ذوالکفل اس لئے ہوا کہ انہوں نے اپنے تمام دنوں کے روزے اور اپنی تمام راتوں کے قیام کو اپنے ذمے لازم کرلیا تھا اور وہ لوگوں کے مابین فیصلہ کرتے تھے اور غصہ نہ کرتے تھے تو انہوں نے اپنی ذمہ داری کو پورا کیا۔

(تفسیر جلالین، ص 429، دار الحدیث، القاھرۃ)

عجائب القرآن میں ہے "حضرت حزقیل علیہ السلام۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے تیسرے خلیفہ ہیں جو منصبِ نبوت پر سرفراز کئے گئے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی وفاتِ اقدس کے بعد آپ کے خلیفہ اول حضرت یوشع بن نون علیہ السلام ہوئے جن کو اللہ تعالیٰ نے نبوت عطا فرمائی۔ ان کے بعد حضرت کالب بن یوحنا علیہ السلام، حضرت موسیٰ

علیہ السلام کی خلافت سے سرفراز ہو کر مرتبہ نبوت پر فائز ہوئے۔ پھر ان کے بعد حضرت حزقیل علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کے جانشین اور نبی ہوئے۔۔۔ اور آپ ذوالکفل بھی کہلاتے ہیں۔" (عجائب القرآن مع غرائب القرآن، صفحہ 41، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا محمد نور المصطفیٰ عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-4185

**تاریخ اجراء:** 10ربیع الاول1447ھ/04ستمبر2025ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net